بلوچستان صوبائی اسمبلی

بروز جمعہ مورخہ 27 نومبر 2020ء

نشان زدہ سوالات اور انکے جوابات

محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات

☆251 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔24.12.2019

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

مالی سال ۲۰۔۲۰۱۹ کے وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبہ سے متعلق کل کتنے منصوبے شامل کیے گئے ہیں نیز اگست ۲۰۱۸ تا دسمبر ۲۰۱۹ کے دوران وفاقی حکومت کی جانب سے کل کتنے منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے ان کے نام اور جاری کر دہ فنڈ/ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

مالی سال 2019.2020 کے وفاقی PSDP میں کل 111 نئے پروجیکٹ شامل کئے گئے ہیں اور اگست 2018 تا دسمبر 2019 (45) پروجیکٹ منظور ہوئے ہیں جن کی تفصیل آخر پر منسلک ہے

☆252 **میر زابد علی ریکی رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔24.12.2019

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ

مالی سال ۲۰۔۲۰۱۹ کے پی ایس ڈی پی میں اریگیشن سیکٹر سے متعلق کل کتنے منصوبے شامل کیے گئے ہیں اور جون ۲۰۱۹ تا دسمبر ۱۹ ۲۰ کے دوران کل کتنے منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے ضلعوار تفصیل دی جائے نیز محکمہ خزانہ اور محکمہ ہذا کی جانب سے جاری کردہ فنڈ/ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

یہ کہ مالی سال 2019.2020 کے پی ایس ڈی پی میں کل 171 اسکیمات اریگیشن سیکٹر میں شامل کئے گئے ہیں اور جو ن 2019 تا دسمبر 2019 کے دوران کل 168 منصوبوں کی منظوری دی جا چکی ہے جون 2019 تا دسمبر 2019 کل 2090.79 ملین جاری کی جا چکی ہے جن کی تفصیل ذیل ہے

نمبر شمار	ضلع کا نام	کل اسکیمات	محکمہ پی اینڈ ڈی کی جانب سے جاری کردہ رقم (ملین میں)	جاری کردہ رقم محکمہ خزانہ سے (رقم ملین میں)
1	اوارن	4	70.71	25.712
2	بارکھان	7	99.98	0.00
3	بیلہ	8	75.00	57.5
4	چاغی	6	47.50	0.00
5	ڈیرہ بگٹی	9	73.00	10.00
6	دکی	2	42.50	0.00
7	گوادر	5	80.68	55.68
8	ہرنائی	3	15.00	15.00
9	جعفرآباد	5	45.00	45.00
10	جھل مگسی	15	138.75	40.00
11	کچھی	3	55.00	5.00
12	کیچ	26	451.34	426.45
13	خاران	1	15.00	15.00
14	خضدار	3	25.00	25.00
15	کوہلو	1	5.00	0.00
16	لورلائی	5	64.25	0.00
17	موسی خیل	7	77.00	42.00
18	نصیرآباد	3	62.50	27.50
19	نوشکی	2	20.00	15.00

20	پنجگور	1	15.00	15.00
21	پشین	3	32.50	22.50
22	قلعہ عبداللہ	1	23.35	23.35
23	قلعہ سیف اللہ	7	70.46	52.96
24	کوئٹہ	5	36.00	36.00
25	شہید سکندر آباد	2	119.5	119.5
26	شیرانی	1	5.00	5.00
27	سبی	19	163.94	163.94
28	صحبت پور	6	49.01	5.00
29	ژوب	4	40.02	40.02
30	زیارت	3	30.00	0.00

☆ 340 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔8.9.2020

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔

(الف) کیا یہ درست کہ مالی سال ۲۰۱۹۔۲۰۱۸ کے بجٹ میں وزیر اعلیٰ کے خصوصی فنڈ کیلئے رقم مختص کی گی تھی

(ب) اگر جز و الف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گی تھی نیز مختص کردہ رقم جن جن منصوبوں کیلئے جاری کی گی ان کے نام اور جاری کردہ رقم کی تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

مالی سال 2018.2019 کے بجٹ میں وزیر اعلیٰ کے خصوصی فنڈ کیلئے کوئی بھی رقم مختص نہیں کی گئ

☆ 341 **جناب نصر اللہ خان زیرے رُکن اسمبلی** نوٹس موصول ہونے کی تاریخ۔8.9.2020

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم مطلع فرمائیں گے کہ۔۔

(الف) کیا یہ درست ہے کہ مالی سال ۲۰۲۰۔۲۰۱۹ کے بجٹ میں وزیر اعلیٰ کے خصوصی فنڈ کیلئے رقم مختص کی گی تھی۔

(ب) اگر جز و الف کا جواب اثبات میں ہے تو کل کسقدر رقم مختص کی گی تھی نیز مختص کردہ رقم جن جن مدات میں جاری کی گی کی مدوار تفصیل بھی دی جائے۔

وزیر منصوبہ بندی وترقیات

مالی سال2019.2020 کے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں وزیراعلیٰ کے خصوصی فنڈ کیلئے کوئی بھی رقم مختص نہیں کی گئی تھی۔

کوئٹہ
مورخہ۔26/نومبر2020

سیکرٹری
بلوچستان صوبائی اسمبلی